CHARTERED PROFESSIONAL ACCOUNTANTS BRITISH COLUMBIA

Chartered Professional Accountants of British Columbia
800-555 West Hastings Street Vancouver BC CANADA V6B 4N6
T. 604 872.7222 F. 604 681.1523 TF. 1 800 663.2677
www.bccpa.ca

# سی پی اے کیسے بنیں۔

## CPABC کے بارے میں

برٹش کولمبیا کے چارٹرڈ پروفیشنل اکاؤنٹنٹس (سی پی اے بی سی) 40,000 سے زیادہ CPA ممبران اور 6,000 CPA امیدواروں کیلئے تربیت، گورننگ، اور ریگولیٹری ادارہ ہے۔ CPABC کا بنیادی مشن عوام کی حفاظت کرنا ہے، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- اعلیٰ ترین پیشہ ورانہ اور اخلاقی معیارات نافذ کرنا۔
- پیشہ ورانہ ترقی کے ذریعے اراکین کی اہلیت کو فروغ دینا اور بڑھانا، اور اراکین کی قابلیت کا مسلسل اندازہ لگانا۔
- امیدواروں اور اراکین کے پیشہ ورانہ طرز عمل کے عملی معیارات اور قواعد کو نافذ کرنا۔
- شکایت کے حل کا ایک ایسا عمل فراہم کرنا جو شفاف اور موثر ہو، اور شکایات کی چھان بین کرنا اور ان پر فیصلہ کرنا۔

سی پی اے ایکٹ کے تحت، صرف سی پی اے بی سی کے اراکین کے پاس صوبے میں پیشہ ور اکاؤنٹنٹ کے طور پر پریکٹس کرنے کیلئے مطلوبہ سطح کی تربیت، تعلیم اور مہارت ہے۔

## CPA بنئے.

آجروں کی اکثریت کو CPAs کی تلاش ہوتی ہے اور وہ ملٹی نیشنل کارپوریشنوں، چھوٹے کاروباروں، غیر نافع تنظیموں، سرکاری ایجنسیوں اور بے شمار دوسرے افراد کو معاشی مشورے دیتے ہیں۔ پبلک اکاؤنٹنگ کے شعبے میں ان کی قیادت، اعلیٰ کارپوریشنوں کے بورڈ رومز میں ان کی حکمت عملی کی بصیرت، اور حکومتی اور پبلک سیکٹر اکاؤنٹنگ میں ان کی رہنمائی کیلئے ان کو بہت احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اگلی دہائی کے دوران، برٹش کولمبیا کو پیشہ ور اکاؤنٹنٹس کی زبردست مانگ کی توقع ہے۔ ان میں سے بہت ساری ملازمتیں دوسرے ممالک میں تربیت یافتہ پیشہ ور اکاؤنٹنٹس سے پُر ہوں گی۔

CPA بننے کیلئے، افراد کو تین بنیادی لوازمات پوری کرنی ہوتی ہیں: تعلیم، امتحان، اور تجربہ۔ **تعلیم** کا تعلق بنیادی مضامین جیسے اخلاقیات، اکاؤنٹنگ، آڈٹ اور پُر یقینی، اور ٹیکسیشن، اور دیگر مضامین جیسے حکمت عملی، حکمرانی، اور مالیات میں مطلوبہ علم حاصل کرنے سے ہے۔ **امتحان** کا تعلق مختلف مضامین میں حاصل کردہ علوم میں قابلیت کا اندازہ لگانا ہے۔ اور **تجربہ** متعلقہ شعبے میں عملی کام کا تجربہ حاصل کرنے سے متعلق ہے۔ وہ افراد جو ان تقاضوں کو پورا کرتے ہیں اور اچھی حیثیت کے حامل ہیں وہ CPA کا درجہ حاصل کرنے کے اہل ہونگے۔ یہ لوازمات آکاؤنٹنگ کے پیشے کیلئے IFAC کے معیارات سے بھی مطابقت رکھتے ہیں۔

CPABC اور CPA ویسٹرن سکول آف بزنس (CPAWSB) CPA پروگرام کی فراہمی کیلئے مل کر کام کرتے ہیں۔ CPAWSB تعلیمی اجزاء فراہم کرتا ہے، جبکہ CPABC سی پی اے ممبران اور برٹش کولمبیا میں رہنے والے امیدواروں کو ریگولیٹ کرتا ہے۔

CPA بننے کے بارے میں مزید جاننے کیلئے یا مختلف ایونٹس تلاش کرنے کیلئے یا CPABC مشیر کے ساتھ اپوائنٹمنٹ کا وقت بک کرنے کیلئے یہاں ملاحظہ کریں: . gocpabc.ca

## بین الاقوامی تعلیمی اسناد رکھنے والے اکاؤنٹنٹس

2023 میں، برٹش کولمبیا کی صوبائی حکومت نے بین الاقوامی اسناد کی تصدیق کا ایکٹ متعارف کرایا، جو بین الاقوامی سطح پر تربیت یافتہ پیشہ ور افراد کیلئے اسناد کی شناخت کے عمل میں انصاف، مہارت، شفافیت اور جوابدہی کو بڑھانا چاہتا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر تعلیمی اسناد حاصل کرنے والے افراد کے پاس ماضی کی تعلیم، کام کے تجربے، اور اکاؤنٹنگ کی اسناد کی بنیاد پر CPA بننے کے مختلف راستے ہوتے ہیں

اچھی سٹینڈنگ رکھنے والے فعال ممبران پر، جنہوں نے اپنے پیشے کے تمام کورس، امتحانات اور تجربے کی ضروریات کو مکمل کر لیا ہے، پیشہ ورانہ ادارے کی ڈیزیگنیشن حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے لاگو ہوتے ہیں:

- **MRA//RMA ( باہمی شناخت کے معاہدوں ) کے اراکین** برٹش کولمبیا میں CPA کی ڈیزیگنیشن کیلئے براہ راست درخواست دے سکتے ہیں اور تمام مطلوبہ دستاویزات موصول ہونے کی تاریخ سے سات کاروباری دنوں کے اندر اپنے دستاویزات کی تصدیق کے نتائج حاصل کریں گے۔
- **MOU ( مفاہمت کے معاہدوں کے ) ممبران** کو CPA پروگرام کے چند تعلیمی اور کام کے تجربے کے اجزاء کیلئے "اعلی درجے کی اسٹینڈنگ" کی چھوٹ حاصل ہو گی۔ تجزیے کے نتائج تعلیمی رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے تمام مطلوبہ دستاویزات حاصل کرنے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر اور تجربے کی رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے چار سے چھ ہفتوں کے اندر جاری کیے جاتے ہیں۔
- **IFAC (اکاؤنٹنٹس کی بین الاقوامی فیڈریشن ) کے اراکین** جن کی پیشہ ورانہ باڈی بھی IFAC کے ساتھ ایک 'رکن تنظیم' کے طور پر شامل ہے وہ CPAWSB کے جائزہ کیلئے درخواست دینے کے اہل ہیں اور انہیں CPA پروگرام کے کچھ تعلیمی ~~اور کام کے تجربے کے~~ اجزاء کیلئے "اعلی درجے کی اسٹینڈنگ" کی چھوٹ ملے گی۔ تجزیے کے نتائج تعلیمی رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے تمام مطلوبہ دستاویزات حاصل کرنے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر اور تجربے کی رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے چار سے چھ ہفتوں کے اندر جاری کیے جاتے ہیں۔
- **دیگر بین الاقوامی طور پر تربیت یافتہ اکاؤنٹنٹس** CPAWSB جائزے کیلئے درخواست دینے کے اہل ہیں اور تمام سابقہ تعلیم اور مکمل کیے گئے کام کے تجربے کا CPA پروگرام میں داخلے کیلئے داخلے کی ضروریات کے مطابق جائزہ لیا جائے گا۔ تعلیمی قابلیت کے جائزے کیلئے تمام مطلوبہ دستاویزات موصول ہونے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر جائزے کے نتائج جاری کیے جاتے ہیں۔ نتائج اس بات کی نشاندہی کریں گے کہ داخلے کیلئے کتنی ضروریات پوری ہوئی ہیں اور ان میں کیا کمی ہے۔

Commented [NA1]: Recommend expanding what “MRA/RMA” stands for.

مزید جاننے کیلئے یا اپنی درخواست شروع کرنے کیلئے یہاں جائیں: cpawsb.ca/future-learners

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### کیا CPA کا طالب علم بننے کیلئے انگریزی زبان کی مہارت کی ضرورت ہے؟

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کورس کے مواد اور امتحانات کو سمجھنے کیلئے کم از کم 12 میں سے 8 کینیڈین انگلش لینگویج کا بینچ مارک حاصل کریں۔ مزید جانیے:
language.ca/resourcesexpertise/

### کیا بین الاقوامی طلباء CPA پروگرام لینے کیلئے زیادہ ادائیگی کرنی پڑتی ہے؟

نہیں، بین الاقوامی طلباء برٹش کولمبیا میں مقامی طلباء کے برابر ادائیگی کرتے ہیں۔

### کیا میں کینیڈا سے باہر رہتے ہوئے CPA پروگرام کا طالب علم بن سکتا ہوں؟

آپ اپنے آبائی ملک سے جائزے کا عمل شروع کر سکتے ہیں، لیکن CPA پروگرام میں داخلہ لینے کیلئے آپ کو برٹش کولمبیا میں رہائش پذیر ہونا چاہیے اور آپ کے پاس اسٹڈی پرمٹ اور ورک پرمٹ دونوں ہونے چاہئیں۔

### اگر میں لینڈڈ امیگرنٹ یا مستقل رہائشی نہیں ہوں، تو مجھے CPA پروگرام میں حصہ لینے کیلئے کس قسم کے اجازت نامے کی ضرورت ہو گی؟

سی پی اے پروگرام کی مدت چھ ماہ سے زیادہ ہے اور اس میں ذاتی طور پر موجود گی ایک لازمی جزو ہے۔ CPA پروگرام میں داخلہ لینے کیلئے ،آپ کو برٹش کولمبیا میں رہائش پذیر ہونا چاہیے اور آپ کے پاس اسٹڈی پرمٹ اور ورک پرمٹ دونوں موجود ہونے چاہئیں۔ ذاتی اجازت نامہ اور امیگریشن سے متعلق رہنمائی کیلئے ، کسی پیشہ ور سے مشورہ لینے پر غور کریں۔ مزید جاننے کیلئے یہاں ملاحظہ کریں: ۔ college-ic.ca/protecting-the-public۔

**سی پی اے پروگرام کے بارے میں اگلا معلوماتی سیشن کب ہوگا؟**

CPA پروگرام اور ساتھ ہی ساتھ آئندہ معلوماتی سیشنز اور ایونٹس کے بارے میں مزید جانئے: gocpabca.ca

**مزید معلومات کیلئے ہم کس سے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

CPABC سے gocpabc.ca/advisor پر رابطہ کریں یا ہمیں اس نمبر پر 604.872.7222 کال کریں اور یا ٹول فری. 1.800.663.2677 پر کال کریں